

# آپ کے پری اسکول بچے کی گویائی اور زبان کی نشوونما

Ontario

## اونٹاریو کا پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام

اونٹاریو کا پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام بچوں کو پیدائش سے لے کر اسکول جانے کی عمر تک خدمات مہیا کرتا ہے صوبے بھر میں مختلف کمیونٹیز میں بچوں اور ان کے خاندانوں کو گھر کے قریب ترین جائزے اور علاج کی سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

اگر آپ کو اپنے بچے کی زبان اور گویائی کی مہارتوں کے بارے میں تشویش ہو تو آپ پری اسکول زبان اور گویائی پروگرام سے مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ پروگرام کا اسٹاف آپکو سکھا سکتا ہے کہ اپنے بچے کی بات چیت کرنے کی صلاحیت کو پروان چڑھانے، ان کو صحت مند نشو و نما کے بہترین موقع دینے میں کیسے مدد کی جائے۔

اونٹاریو پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام اپنی خدمات آپ کو بلامعاوضہ پیش کرتا ہے اور اس کے لئے ڈاکٹر کے حوالے کی بھی ضرورت نہیں ہوتی

پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام

آپ کا پری اسکول بچہ باتیں کرنے، کھوجنے اور کھیلنے میں مصروف ہے۔ یہ سب سرگرمیاں اس کی بڑھوتری اور نشوونما کے لئے--- اور بات چیت کی مہارتیں سیکھنے کے لئے اہم ہیں۔

جب اسکول جانے کا وقت آئے گا تو آپ کے بچے کو دوست بنانے، نئی چیزیں سیکھنے، اور لکھنا پڑھنا سیکھنا شروع کرنے کے لئے اچھی طرح سیکھی گئی بات چیت کی ان مہارتوں کی ضرورت ہو گی۔ مستقبل میں کامیابی کے لئے آپ کے بچے کے لئے بات چیت کی مہارتیں ہونا ضروری ہیں ۔

آپ اپنے بچے کی بات چیت کی روز مرہ نشو ونما میں اہم کردار ادا کرتے ہیں – اپنے بچے سے باتیں کرنا، ان کی بات سننا اور کھیلنا ان میں ایسی مہارتیں پیدا کرتے ہیں جو ان کے اسکول اور زندگی میں کامیابی کے لئے ضروری ہیں ۔

تقریباً 10 میں سے ایک بچے کو معمول کی گویائی اور زبان سیکھنے کے لئے مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ مدد کے بغیر سننا اور بولنا ایک جدوجہد ہے، پڑھنا سیکھنا مشکل ہے اور دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنا مشکل ہے۔



مزید معلومات کے لئے اپنے مقامی پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام سے رابطہ کریں، یا اونٹاریو گورنمنٹ کیINFO لائن پر نیچے دیئے گئے نمبر پر کال کریں ۔

مزید معلومات کے لئے، رابطہ:

ServiceOntario
1-866-821-7770
TTY 1-800-387-5559
www.ontario.ca/children

مزید نقول کا آرڈر دینے کے لئے جائیے:

www.serviceontario.ca/publications

یا کال کریں:

1-800-686-9938
TTY 1-800-268-7095

URDU
Oct. 2009 © Queen's Printer for Ontario, 2009

# نشوونما کے مراحل

جب بچے بات چیت کرنا سیکھ رہے ہوتے ہیں تو نشوونما کے یہ مراحل ان کی مہارتوں کی نشاندہی کرتے ہیں۔
اگر آپ کا بچہ ان میں سے ایک یا زیادہ مراحل پر پورا نہیں اترتا، برائے مہربانی اپنے مقامی پری اسکول گویائی اور زبان پروگرام سے رابطہ کریں۔

## 3 سال کی عمر تک

- "کون"، "کیا"، "کہاں"، اور "کیوں" سوالات سمجھتا ہے
- 5 یا زیادہ الفاظ استعمال کرتے ہوئے، لمبے جملے بناتا ہے ۔
- گزشتہ واقعات - دادا/دادی نانا/نانی کے گھر جانے، چائلڈ کیئر میں گزارے دن کے بارے میں بتاتا ہے
- سادہ کہانیاں سناتا ہے
- پسندیدہ ساتھی کھلاڑیوں سے محبت کا اظہار کرتا ہے
- جھوٹ موٹ کے کئی قدمی کھیلوں --- کھانا پکانے، گاڑی کی مرمت میں مصروف ہوتا ہے
- خاندان سے باہر بھی بہت سے لوگ زیادہ تر اس کی بات سمجھ لیتے ہیں
- مینیو، فہرستوں، نشانات --- میں چھپائی کے عمل سے آگاہ ہوتا ہے
- ترنم سے واقف ہو جاتا ہے اور دلچسپی ظاہر کرتا ہے

## 4 سال کی عمر تک

- 3 یا زیادہ قدمی ہدایات پر عمل کرتا ہے ---" پہلے کچھ پیپر لاؤ، پھر تصویر بناؤ، آخر میں ممی کو دو"
- بالغوں کی طرح گرامر استعمال کرتا ہے
- کہانیاں سناتا ہے جس میں واضح آغاز، وسط اور انجام ہوتا ہے
- دوسرے بچوں اور بڑوں کے ساتھ مسائل حل کرنے کی کوشش کے بارے میں بات کرتا ہے
- بڑھتے ہوئے پیچیدہ تصوراتی کھیل کھیل کر دکھاتا ہے
- تقریباً تمام وقت اجنبی بھی اس کی بات سمجھ لیتے ہیں
- سادہ ترنم سے گانے گا سکتا ہے---"کیٹ -بیٹ"
- الفاظ کو ان کی آوازوں سے ملاتا ہے --- " لیٹر ٹی کا مطلب ' تو ' ہے

## 5 سال کی عمر تک

- گروپ کی ہدایات پر عمل کرتا ہے --- "سب بچے ایک کھلونا لے لیں"
- ایسی ہدایات پر عمل کرتا ہے جس میں "اگر ... تب" اگر تم نے رنر پہنے ہوئے ہیں تب جم کے لئے لائن میں کھڑے ہو جاؤ"
- ماضی، حال اور مستقبل کی باتیں تفصیل سے بیان کرتا ہے
- اپنے دوستوں کو خوش کرنے کی کوشش کرتا ہے
- اپنی دوستی میں بڑھتی ہوئی خود مختاری کا مظاہرہ کرتا ہے پڑوس میں اکیلا جا سکتا ہے
- اپنی زبان کی تقریباً تمام آوازیں استعمال کرتا ہے بغیر کسی غلطی کے یا چند غلطیوں کے ساتھ
- حروف تہجی کے تمام الفاظ جانتا ہے
- کچھ الفاظ کے شروع کی آوازیں پہچان لیتا ہے --- " پوپ پی کی آواز سے شروع ہوتا ہے"

مسائل کو حل کرنے، انتخاب کرنے، چیزوں اور واقعات کے بارے میں بتانے اور خیالات میں دوسروں کو حصہ دار بنانے کے لئے الفاظ کے استعمال میں اپنے بچے کو مدد دینے کے لئے ان میں سے کچھ تجاویز پر عمل کیجئے۔

## تین سال کے بچے پسند کرتے ہیں جب آپ :

- آپ انہیں ڈرائنگ کرنے اور ٹیڑھی میڑھی لکیریں کھینچنے کے لئے مختلف اشیا جیسے چاک، پینسلیں، کریون، مارکر، فنگر پینٹس وغیرہ دے کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- جب آپ ان سے بات کر رہے ہوں تو بیانیہ الفاظ استعمال کریں جیسے رنگ اور متضاد (گرم/ٹھنڈا، بڑا/چھوٹا، تیز/آہستہ) اس کے علاوہ عملی الفاظ ( اڑ رہا، چھلتے اڑا رہا، دوڑ رہا)
- انہیں اپنے خیالات بتانے کے لئے زائد وقت دیں۔
- انہیں انتخاب کا موقع دیں --- کیا کھانا ہے، کن کھلونوں سے کھیلنا ہے، کون سے کپڑے پہننے ہیں۔
- ان کے سامنے صحیح آواز اور گرامر استعمال کریں --- بچہ کہتا ہے"وہ وڑا" اور آپ کہیں "ہاں، وہ دوڑا"
- ایسی کتابیں پڑھیے جن میں پتہ ہو کہ اب کیا ہوگا اور الفاظ بار بار آئیں ---- وقفہ دے کر بچے کو موقع دیں کہ وہ اگلے الفاظ اور جملے سوچے ۔
- ان کے ساتھ کھیلیں اور جھوٹ موٹ کی اداکاری کریں! وہ اپنے پسندیدہ ویڈیو میں سے کئی سینز کی اداکاری کرنا پسند کرتا ہے، جھوٹ موٹ ریسٹورنٹ میں کھانا کھاتا یا استاد یا فائر فائٹر بنتا ہے۔

## چار سال کے بچے پسند کرتے ہیں جب آپ:

- انہیں لائبریری، پارک، ارلی ائیرز سینٹر میں دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلنے کے بے شمار مواقع دیں – کبھی کبھار وہ صرف ایک یا دو دوستوں کے ساتھ آپ کے گھر پر کھیلنا پسند کرتے ہیں ۔
- کتابوں میں الفاظ کی طرف اشارہ کریں اور جب ان کو پڑھ کر سنا رہے ہوں تو الفاظ کے نیچے انگلی پھیرتے رہیں ۔
- واقعات کی ترتیب کے بارے میں بتائیں --- بتائیں پہلے کیا ہوتا ہے، پھر اس کے بعد اور آخر میں --- *پہلے* ہم ہاتھ دھوتے ہیں، *پھر*ہم سنیک کھاتے ہیں اور *آخر میں*ہم برتن سنک میں رکھتے ہیں ۔"
- انہیں اپنی کہانیاں سنانے کی حوصلہ افزائی کریں --- ان سے ان کے دن کے بارے میں، انہوں نے جو فلم دیکھی ہو اس کے بارے میں، ان کی پسندیدہ کتاب کے بارے میں پوچھیں ۔
- ترنم والے الفاظ کی کتابیں پڑھیں --- "ماؤس/ ہاؤس"، اور الفاظ جن آوازوں سے شروع ہوتے ہیں وہ بتائیں --- " ممی م کی آواز سے شروع ہوتا ہے --- جو ایم سے نکلتی ہے ۔"

## پانچ سال کے بچے پسند کرتے ہیں جب آپ :

- نئے اور زیادہ پیچیدہ الفاظ استعمال کریں --- "پہلے/ بعد"، "کھردرا / ہموار"، "آسان/ مشکل"، "درمیان/قریب"، "یکساں/ مختلف"۔
- اعداد اور چیزوں کی مقدار کے بارے میں بات کریں --- "بہت /تھوڑا سا"، "زیادہ/ کم"، "ایک/ زیادہ"۔
- ان سے پوچھیں کہ بتاؤ اب آگے کیا ہوگا ---"تمہارا کیا خیال ہے جب سام اپنی سالگرہ کا تحفہ کھولے گا تو کیا ہوگا؟"، اور انتخاب کے پس پشت وجوہات بھی بتائیں --- "ہمیں آج اپنے کوٹ پہننے کی ضرورت کیوں ہے؟"
- کتابوں میں تصویروں کے ذریعے ایک دوسرے کو کہانیاں سنانے کی باریاں لیں --- بچے آپ کو سننا پسند کرتے ہیں اور پھر وہ اس کہانی کو اپنی طرح سے سنانا چاہتے ہیں ۔
- واقعات کی منصوبہ بندی میں ان کی مدد کریں – سالگرہ سے پہلے آپ کو کیا کیا کرنا ہوتا ہے، یا چڑیا گھر جانے کے لئے کس طرح تیار ہونا چاہئے کے بارے میں بتائیں بچوں سے بات کرتے ہوئے "کیوں" اور "کیسے" کے سوال پوچھتے رہیں ۔
- انہیں مدد کے لئے کہیں ۔ آپ کا بچہ آپ کے ساتھ ککیز بیک کرنے، ٹیبل سیٹ کرنے، لانڈری چھانٹنے میں مدد کر کے خوش ہوتا ہے – انہیں ہدایات دیں اور دیکھیں کہ کیا وہ آپ کو اقدامات بتا سکتے ہیں۔

